موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

2 سے 5 اپریل 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود اور اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20 سے 34 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 13 سے 21 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ ہوا کی اوسط رفتار 5 سے 24 کلو میٹر فی گھنٹہ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

کپاس

موسم کی صورتحال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کپاس کی فصل کی بروقت بجائی کے لئے زمین کی تیاری کریں۔ پچھلی فصل کے باقیات کو زمین میں ملائیں تاکہ بجائی میں دشواری نہ ہو۔ بجائی کے لئے علاقے کی مناسبت سے منظور شدہ اقسام کا اچھی کوالٹی کے بیج کا انتخاب کریں۔ منظور شدہ اقسام میں سی کے سی 1، سی کے سی 3، سی کے سی 6، سائیٹو 537، ایم این ایچ 1050، نیاب 1011، نیاب سناب ایم، سی آئی ایم 785، آئی آر نیمجی 19، یف ایچ انمول۔ بی ایس 52 قابلِ ذکر ہیں۔ کھیلیوں پر کاشت کے لئے 75 فیصد سے زائد اگاؤ والا بیج 6 سے 8 کلو گرام استعمال کریں۔ کھیلیوں کے درمیان فاصلہ اڑھائی فٹ اور پودوں کے درمیان فاصلہ 12 انچ رکھیں۔ ریتلے علاقے جہاں کپاس کی کاشت بذریعہ ڈرل کی جاتی ہے وہاں راؤنی بھر کے کریں اور کپاس کی کاشت تر وتر میں کریں۔ ڈرل کاشتہ فصل میں بیج 2 سے 3 کلو گرام فی ایکڑ زیادہ استعمال کریں۔ ضرورت سے زیادہ 10 فیصد بیج کا بندوبست کریں تاکہ نا نغے پر کیے جا سکیں۔ بیج کو کیڑوں اور بیماریوں سے تحفظ کے لئے زہر آلود کریں اور بجائی کے لئے استعمال کریں۔

گندم

زرعی زہروں کے استعمال کے بعد بچ جانے والی جڑی بوٹیوں خاص طور پر دمبی سٹی اور جنگلی جئی کو ہاتھ سے تلف کریں تاکہ ان جڑی بوٹیوں کے بیج پک کر گندم کے ساتھ نہ مل جائیں۔

کماد

کماد کی بہاریہ کاشت جلد از جلد مکمل کریں۔ دیر سے کاشتہ فصل میں 10 سے 15 فیصد بیج کا اضافہ کریں۔ کاشت کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔ کماد کی بجائی 4 فٹ کے فاصلے پر بنائی گئی گہری کھیلیوں اور کھلے سیاڑوں میں کریں اور ہر کھیلی میں سموں کی دو قطاریں لگائیں۔ کاشت کے لئے 2 آنکھوں والے سمے 30 ہزار اور 3 آنکھوں والے سمے 20 ہزار استعمال کریں۔ اس کے لئے 12 سے 16 مرلہ کماد درکار ہو گا۔ بجائی کے لئے 3 فیصد ٹاپسن ایم کے محلول میں ڈبو کر کماد کی کاشت کے لئے استعمال کریں۔ کماد کی کاشت کے ایک تا دو دن بعد وتر حالت میں محکمہ زراعت کی مشاورت سے اگاؤ سے پہلے والی جڑی بوٹی مار ادویات کا سپرے کریں۔

آم

آم کے پودوں پر پھل بننے کا عمل اختتامی مراحل میں ہے۔ جن پودوں پر بٹور واضح ہے بٹور کو کاٹ کر باغ کے باہر منتقل کریں۔ آم کے تیلے اور تھرپس کے تدارک کے لئے محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر کھالی (ٹرینچ) بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔